© rasailojaraid.com



## اسباق النحو:

مصنف : خالد مسعود

ناشر : حلقه تدبر قرآن، خالد منزل، رحمان سٹریٹ، مسلم کالونی، سمن آباد، لاهور

صفحات : ۱۴۳ قیمت : تین روپے پچاس پیسے -

قرآن کریم اور حدیث شریف کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ عربی زبان پر دسترس حاصل ہو۔ کیونکہ اسلامی تعلیمات کے یہ دونوں بنیادی ماخذ عربی زبان میں ہیں - اور عربی سیکھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس کے قواعد سے آگاهی حاصل کی جائے۔ اس ضرورت کے پیش نظر خالد مسعود صاحب نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے :

زیر تبصرہ کتاب کی بنیاد مولانا حمید الدین فراهی مرحوم کی مختصر کتاب پر رکھی گئی ہے - اور نام بھی انهی سے مستعار لیا گیا ہے - تاهم فاضل مصنف نے اس کتاب میں مولانا فراهی کی کتاب پر معتدبه اضافے کئے ہیں - مثلاً مولانا فراهی کی کتاب میں مشقیں شامل نہیں تھیں، زیر نظر کتاب میں طلبه کی سہولت کے لئے مشقوں کا اضافه کردیا گیا ہے - مولانا فراهی مرحوم ''حرف،، کا حصه نہیں لکھ سکے تھے خالد مسعود صاحب نے حرف کی بحث کا اضافه کرکے اس کتاب کو مکمل کردیا ہے -

یه کتاب چونکه صرف و نحو دونوں کے قواعد پر مشتمل ہے - اس لئے ہماری رائے میں یه نام کتاب کے مشتملات کے پیش نظر جامع نہیں ہے، کیونکه صرفی قواعد والا حصه اس نام سے خارج ہوجاتا ہے - اس لئے ہماری رائے میں اس کتاب کا نام ''اسباق النحو،، کی بجائے ''عربی قواعد یا عربی گرامر،، رکھ دیا جائے تو زیادہ مناسب ہوگا۔

اسم ،فعل، اور حرف، کی رعایت سے اس کتاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے - اور عام ڈگر سے ہٹ کر سلیس اور عام فہم زبان میں طالب علم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو قواعد سمجھانے کی بڑی حد تک کامیاب کوشش کی گئی ہے۔

فاضل مصنف نے مشقوں کا جو اضافہ کیا ہے وہ طلبہ کے لئے نہایت مفید ہے لیکن اس میں کچھ خامیاں رہ گئی ہیں، جن کی جانب توجہ دلانا ضروری ہے۔

ا۔ مشقوں کی ابتداء میں واضح ہدایت دی جائے کہ مندرجہ عبارت کا کیا کرنا ہے، اس کا ترجمہ کرنا ہے یا جملوں پر مذکورہ اصول و قواعد کو لاگو کرنا ہے۔

ب۔ ہر مشق کے پہلے جملہ کا تجزیہ کرکے طالب علموں کو قواعد ذہن نشین کرا دئیے جائیں تو زیادہ مفید ہوگا۔

ج۔ مشقوں میں جو نئے اور مشکل الفاظ آتے ہیں ان کا اردو ترجمہ حاشیہ میں دیا جانا زبان سیکھنے کے لئے بہت مفید ہوگا۔ ورنہ آخر میں مشکل الفاظ کی ایک فرہنگ لگادی جائے۔ تاکہ استاد کی مدد کے بغیر بھی کتاب سے استفادہ کیا جا سکے۔

د۔ کتاب کے آخر میں عربی کے بیس پیرے شامل کئے گئے ہیں۔ اسی طرح اردو کے بھی کچھ پیرے بڑھادئیے جائیں۔ اور ساتھ ان کا عربی ترجمہ دے دیا جائے تو اس سے طالب علم کو آسانی ہوگی۔

مجموعی طور پر کتاب بہت مفید ہے۔ کتابت و طباعت بھی معیاری ہے۔ اس کتاب کو سفید کاغذ پر چھاپا گیا ہے۔ اور اس کی قیمت نہایت مناسب رکھی گئی ہے۔ مصنف اور ناشر دونوں مبارک باد کے مستحق ہیں۔ یہ کتاب مدارس عربیہ کے ابتدائی نصاب میں شامل کی جاسکتی ہے۔ اور محکمہ تعلیم اسے دسویں جماعت کے لئے منتخب کر سکتا ہے۔

(محمد طفیل)

---

© rasailojaraid.com